# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 30 September-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۳۰/ستمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

### :::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ بڑکن صنعتی علاقے سمیت ریاست میں 11 ہزار 200 کروڑ روپئے کے صرفے سے مختلف منصوبوں کا وزیراعظم کے ذریعے سنگ بنیاد، افتتاح اور نقاب کشائی۔

☆ ''میک ان انڈیا مہم'' کے سبب بھارت دنیا میں ایک اہم پیداواری مرکز بن گیا ہے: ''من کی بات'' پروگرام میں وزیر اعظم مودی کا دعویٰ۔

☆ صنعتی تربیتی اداروں میں لڑکیوں کی حفاظت کیلئے آج سے مفت خودحفاظتی تربیت کا آغاز۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ کے بیڑ، لاتور اور دھاراشیو اضلاع کیلئے آج بارش کا یلو الرٹ جاری۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ چھترپتی سمبھاجی نگر کے قریب آرِک۔بڑکن صنعتی سرمایہ کاری پروجیکٹ مراٹھواڑہ کے نوجوانوں کیلئے بڑے پیمانے پر روزگار پیدا کرے گا۔ گزشتہ روز وزیراعظم نے ٹیلی کانفرنسنگ نظام کے ذریعے بڑکن صنعتی سرمایہ کاری پروجیکٹ کا افتتاح کیا، اس موقع پر وزیرِ اعظم مودی خطاب کرر ہے تھے۔ مرکزی حکومت کے قومی صنعتی کوریڈور ترقیاتی پروگرام کے تحت یہ صنعتی علاقہ سات ہزار 1855 ایکڑ رقبے پر پھیلا ہوا ہے۔

وزیراعظم نے کہا کہ بڑکن صنعتی علاقے میں مراٹھواڑہ کو ایک بڑا صنعتی مرکز بنانے کی صلاحیت موجود ہے۔ انھوں نے کہا:

> ***''چھترپتی سمبھاجی نگر میں لگ بھگ آٹھ ہزار ایکڑ میں بڑکن انڈسٹریل ایریا کا وِستار ہوگا' بڑے بڑے اُدیوگوں کیلیئے یہاں زمین الاٹ ہوگئی ہے۔ جس سے یہاں ہزاروں کروڑ کو نویش آئے گا' اس سے ہزاروں یواؤں کو روزگار ملے گا۔''***

وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے، نائب وزرائے اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور اجیت پوار بھی پونہ سے ٹیلی کانفرنسنگ نظام کے ذریعے اس پروگرام میں شریک ہوئے۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ شندے نے کہا کہ پونے کی طرح اب سمبھاجی نگر میں بھی بہت سی صنعتیں آرہی ہیں، جس سے مقامی سطح پر روزگار کے مواقع دستیاب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں مہایوتی حکومت صنعتوں کو درپیش مسائل کو فوری طور پر حل کررہی ہے۔

بڑکن صنعتی علاقے کے پروجیکٹ مینیجر ارون دُوبے نے بھی آرِک منصوبے کی معرفت بڑے پیمانے پر روزگار فراہم ہونے کا دعویٰ کیا۔

بڑکن میں منعقدہ اس پروگرام میں ریاست کے وزیر برائے ہاؤسنگ اتل ساوے، رکنِ پارلیمان ڈاکٹر بھاگوت کراڑ بھی موجود تھے۔

***** ***** *****

دریں اثنا، پونے میں ریاست کے 11 ہزار 200 کروڑ روپئے سے زیادہ صرفے کے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح اور نقاب کشائی بھی وزیرِ اعظم کے ہاتھوں عمل میں آئی۔ پونے کے بھڑے واڑہ میں کرانتی جیوتی ساوتری بائی پھلے کی یادگار کا سنگِ بنیاد، شیواجی نگر سے سوار گیٹ تک زیرِ زمین راستے کی نقاب کشائی، اور کاترج کے زیرِ زمین راستے کا سنگِ بنیاد سمیت شولا پور طیران گاہ کا افتتاح بھی اس موقعے پر وزیرِ اعظم نے کیا۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت کی ''میک اِن انڈیا'' مہم کی وجہ سے بھارت پیداوار کا مرکز بن چکا ہے اور ہر شعبہ میں برآمدات میں اضافہ ہوا ہے۔ مودی کل آکاشوانی پر ''من کی بات'' پروگرام کے ذریعے اہلِ وطن سے خطاب کر رہے تھے۔ بھنڈارا ضلعے کے روایتی ریشم صنعت کا بھی اس موقعے پر انھوں نے خصوصی ذکر کیا۔ ساتھ ہی انھوں نے ''صفائی ہی خدمت''، ایک پیڑ ماں کے نام، کیچ دَ رین، جیسی سرگرمیوں کو ملک بھر میں زبردست عوامی پذیرائی حاصل ہونے کی بات بھی کہی۔ وزیرِ اعظم مودی نے ملک کی عوام کو آئندہ تہواروں کی مبارکباد دیتے ہوئے صرف ملک میں تیار کردہ اشیاء ہی خریدنے کے سابقہ عزم کو دہرانے کی اپیل بھی کی۔

''من کی بات'' پروگرام کو دس سال مکمل ہونے پر وزیرِ اعظم نے دوردرشن، پرسار بھارتی اور آکاشوانی سے وابستہ عملے کی ستائش بھی کی۔

اس دوران پرسار بھارتی کے سربراہ نونیت سہگل نے وزیرِ اعظم مودی کا شکریہ ادا کیا ہے۔ سہگل نے کہا کہ وزیرِ اعظم مودی کے خیالات تینوں اداروں یعنی دوردرشن، آکاشوانی اور پرسار بھارتی کے ملازمین کیلئے تحریک کا باعث بنتے ہیں۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کل ستارا ضلعے کے پاٹن تعلقے کے کاڑولی میں عوامی رہنما بالا صاحب دیسائی ہمہ مقصدی زرعی کمپلیکس و تعلقہ تخم سازی مرکز کے پہلے مرحلے کا افتتاح کیا۔ انہوں نے مٹی کی جانچ کیلئے لیبارٹری، اجناس کے درجہ بندی مرکز، دال پروسیسنگ مرکز، تیل سازی مرکز اور چاول پروسیسنگ مرکز کا معائنہ بھی کیا۔ پاٹن میں مرکزی حکومت کے ماتحت امرت نل آبرسانی منصوبے کا سنگ بنیاد اور ملہار پیٹھ میں عوامی رہنما بالا صاحب دیسائی دیہی سکریٹریٹ کی نئی عمارت کی نقاب کشائی بھی وزیرِ اعلیٰ کے ہاتھوں عمل میں آئی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

سرکاری صنعتی اداروں میں خواتین کو خود حفاظت کی تربیت دینے کیلئے ''ہر گھر دُرگا'' مہم کا آغاز آج لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کریں گے۔ وزیر برائے فروغِ ہنر منگل پربھات لوڈھا نے اس کی اطلاع دی۔ ممبئی کے کُرلا میں واقع سرکاری صنعتی ادارے میں منعقدہ اس تقریب میں وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے، نائب وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور اجیت پوار بھی خصوصی طور پر موجود رہیں گے۔

***** ***** *****

سابق وزیرِ اعلیٰ ادھو ٹھاکرے نے بی جے پی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ ای ڈی اور سی بی آئی کے ذریعے مخالف جماعتوں کے رہنماؤں کو پھنسانا ہی بی جے پی کی پالیسی ہے۔ ناگپور ضلعے کے کڑمیشور سے قریب جھیل کے کنارے نصب چھترپتی شیواجی مہاراج کے گھوڑسوار مجسّمے کی نقاب کشائی تقریب سے کل ٹھاکرے مخاطب تھے۔ قبل ازیں، ٹھاکرے نے ناگپور میں پارٹی عہدیداران کے ساتھ ایک میٹنگ بھی کی۔

***** ***** *****

قانون ساز اسمبلی میں حزبِ اختلاف کے قائد وجئے وڑیٹیوار نے دعویٰ کیا ہے کہ آئندہ اسمبلی انتخابات کے بعد ریاست میں مہاوکاس آگھاڑی برسرِ اقتدار آئے گی۔ وہ کل گڈ چرولی ضلع کے اہیری میں منعقدہ کانگریس پارٹی کے اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ اس موقعے پر انہوں نے حکومت کی ''لاڈلی بہن'' اسکیم[4] پر تنقید بھی کی۔

***** ***** *****

''ماجھی وسندھرا مہم'' کے چوتھے مرحلے میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر چھترپتی سمبھا جی نگر میونسپل کارپوریشن کو ''بہترین میونسپل کارپوریشن ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ میونسپل کارپوریشن کی جانب سے کچرے کی صفائی، شجر کاری، شہر میں فضائی آلودگی کی روک تھام کیلئے کیے گئے کاموں کے اعتراف میں یہ ایوارڈ سمیت ڈیڑھ کروڑ روپۓ کے انعامات بھی کارپوریشن کو دیئے گئے ہیں۔

***** ***** *****

وَنچِت بہوجن آگھاڑی کی قومی رہنما، انجلی امبیڈکر نے کہا ہے کہ صرف آئین ہاتھ میں لیکر گھومنا ہی آئین بچانا نہیں ہے۔ وہ کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں پھلے۔ امبیڈکر تحریک کے زیرِ اہتمام منعقدہ آئین بیداری اجلاس کے افتتاح کے موقع پر خطاب کررہی تھیں۔ انھوں نے کہا کہ کانگریس اور بی جے پی ایک ہی سکّے کے دو رُخ ہیں، جبکہ ہمیں آئین کو بدلنے والے اور آئین کو بچانے والے کون ہیں اس پر سنجیدگی سے غور وفکر کرنے کی ضرورت ہے۔ پروگرام سے قبل کرانتی چوک علاقے سے ''فخرِ آئین'' ریلی نکالی گئی۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے کے نیرلی میں آلودہ پانی کی وجہ سے پیدا شدہ صورتحال اب قابو میں آچکی ہے۔ ضلع پریشد سی ای او مینل کرنوال نے متعلقہ مقام کا دورہ کرکے حالات کا معائنہ کیا اور ضروری ہدایات جاری کیں۔ محکمہ صحت کی جانب سے گاؤں کا سروے کیا جارہا ہے۔ عوام سے پانی کو اُبال کر پینے، متلی، قئے اور دست کی شکایت ہونے پر فوراً طبّی مرکز سے رجوع کرنے کی اپیل صحت افسر ڈاکٹر سنگیتا دیشمکھ نے کی ہے۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے کے کلمنوری تعلقے کے پارڈی موڑ میں کل مہاستھویر چندرمُنی دھیان مرکز کا سنگِ بنیاد رکھا گیا۔ بھدنت کھیمو دھمّا، بھدنت اُپگپت مہاتھیرو، ڈاکٹر ستیہ پال، کلمنوری کے رکنِ اسمبلی سنتوش بانگر اس موقعے پر موجود تھے۔ اس موقعے پر مہاتھیرو نے کہا کہ دنیا میں امن قائم کرنے کیلئے خدا سے لَو لگانا یعنی دھیان جیسی عبادت کارگر ثابت ہوتی ہے۔

***** ***** *****

صفائی ہی خدمت مہم کے تحت پربھنی میں سارنگ سوامی کالج کے طلبہ نے کل صفائی مہم چلائی اور علاقے میں بیداری ریلی نکال کر عوام کو صفائی کا پیغام دیا۔ اس کے ساتھ ہی کھانا کھانے سے قبل ہاتھ دھونے کا عملی مظاہرہ کرکے اور پودے لگا کر عوام کو شجر کاری کرنے کی ترغیب بھی دی۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ کے بیڑ، لاتور اور دھاراشیو اضلاع میں آج بارش کا یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اور ان اضلاع میں طوفانی ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کا امکان محکمہ موسمیات نے ظاہر کیا ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر ضلعے کے پیٹھن کے جائیکواڑی آبی پشتے سے پانی کے اخراج کو بڑھا دیا گیا ہے۔ ڈیم کے 18 دروازوں سے فی الحال 24 ہزار 104 مکعب فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی خارج کیا جارہا ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ بڑکن صنعتی علاقے سمیت ریاست میں 11 ہزار 200 کروڑ روپئے کے صرفے سے مختلف منصوبوں کا وزیر اعظم کے ذریعے سنگ بنیاد، افتتاح اور نقاب کشائی۔

☆ ''میک ان انڈیا مہم'' کے سبب بھارت دنیا میں ایک اہم پیداواری مرکز بن گیا ہے: ''من کی بات'' پروگرام میں وزیر اعظم مودی کا دعویٰ۔

☆ صنعتی تربیتی اداروں میں لڑکیوں کی حفاظت کیلئے آج سے مفت خود حفاظتی تربیت کا آغاز۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ کے بیڑ، لاتور اور دھاراشیو اضلاع کیلئے آج بارش کا یلو الرٹ جاری۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****